© rasailojaraid.com

کریں۔ علاوہ ازیں مقامِ تقریر اور جلسہ یا کانفرنس کا پس منظر اور مختصر احوال بھی تحریر کریں اس سے کتاب اور زیادہ خوبصورت ہوجائے گی۔ تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری

## دفاعِ فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ

مؤلف: ثناء اللہ ساجد، اشاعت اوّل: اگست 1996ء صخامت: 340 صفحات قیمت: =/60 روپے

ناشر: گوشۂ علم وادب، بستی مٹھو خاص، شجاع آباد۔ ضلع ملتان

امیر المومنین، قاتل الکفار والمشرکین، خلیفۂ راشد سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ تاریخِ اسلام کی واحد شخصیت ہیں جن کی ہیبت، سطوت، صولت، شان و شوکت اور جلالت کے سامنے کفر کی تمام طاغوتی قوتیں سرنگوں ہو گئیں۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد گرامی ہے: اگر میرے بعد نبی ہوتا تو وہ عمر بن خطاب ہوتا۔

"ایران" روز اوّل سے اسلام کے خلاف سازشوں کا مرکز اور منافقین کی آماجگاہ رہا ہے۔ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں اسلامی فوجوں نے ایران فتح کر کے وہاں اسلام کا علم لہرادیا۔ منافقین وخبیثانِ عجم آج تک اس شکست کے زخم چاٹ رہے ہیں۔ وہ جس شخصیت کو سب سے زیادہ مطعون کرتے ہیں اور سب وشتم کا نشانہ بناتے ہیں وہ سیدنا فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ ہیں۔

فاضل مؤلف ثناء اللہ ساجد نے بڑی محنت اور تحقیق سے مسٹر خمینی کی کتاب "کشف الاسرار" غلام حسین نجفی کی "سہم مسموم" اور "حقیقت فقہ حنفیہ" عاشق حسین نقوی کی "اصحابِ رسول کی کہانی" علی حیدر کی "عقدِ ام کلثوم" اور عبدالکریم مشتاق کی "افسانۂ عقدِ ام کلثوم" میں مرادِ نبی، دامادِ علی سیدنا عمر فاروقِ اعظم کے خلاف عائد کردہ تمام الزامات، اعتراضات اور مطاعن کے شائستہ علمی جوابات دیئے ہیں۔ مؤلف کتاب مولانا عبدالستار تونسوی مدظلہ کے ہونہار شاگرد ہیں اور انہوں نے اپنے استاذ کی صحبت علمی ودینی سے وافر فیض پایا ہے۔ مولانا ضیاء الرحمٰن فاروقی اور مولانا محمد اعظم طارق کے تاثرات بھی شاملِ کتاب ہیں۔ یہ کتاب ردِ رفض کے محاذ پر کام کرنے والے دوستوں کے لئے انتہائی مفید ہے۔ تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری

## ماہنامہ مشکوٰۃ المصباح (سیرت النبی نمبر) ربیع الاول ۱۴۱۷ھ، ستمبر ۱۹۹۶ء

مدیر اعلیٰ: حافظ خالد مسعود، مدیرانِ معاون: عبدالرحمٰن شاکر، محمد احمد زبیری

ضخامت: ۱۰۴ صفحات قیمت ۱۰ روپے ناشر: دفتر ماہنامہ مشکوٰۃ المصباح، ۱۔اے ذیلدار پارک، اچھرہ لاہور

دینی مدارس کے طلبہ کے لئے جماعت اسلامی کی ذیلی تنظیم "جمعیت طلبہ عربیہ" کے ترجمان معاصرِ عزیز ماہنامہ مشکوٰۃ المصباح کا یہ خصوصی شمارہ سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر ایک خوبصورت علمی کاوش ہے۔ چار رنگا انتہائی دیدہ زیب سرورق جس پر درج ذیل اشعار گویا پورے مجلے کا خلاصہ ہیں۔


© rasailojaraid.com